


# ابتدائی مداخلتی نظام میں شکایات کے حل کے غیر جانب دارانہ ضابطے


میری لینڈ ریاستی محکمۂ تعلیم
شعبۂ خصوصی تعلیم/ابتدائی مداخلتی خدمات
میری لینڈ پروگرام برائے شیرخواران واطفال


Urdu

کیا آپ کو مزید معمولات درکار ہے؟ مذکورہ ذرائع سے ابتدائی مداخلتی نظام میں والدین کے حقوق سے متعلق مزید معلومات فراہم کریں گے۔

- دفعہ (دفعات) 416-8 تلخیص شدہ ضابطہ میری لینڈ
- COMAR 13A.13.01
- عوامی قانونی 17-105، معذوریوں سے متاثر افراد کی تعلیم کے قانون کی ترجیحات کا حصہ ج
- حصہ 303، وفاقی قوانین کے ضابطے کا عنوان 34
- حصہ 300، دفعات 577-560، وفاقی قوانین کے ضابطے کا عنوان 34
- حصہ 99، وفاقی قوانین کے ضابطے کا عنوان 34

ان میں سے کسی بھی دستاویز کی نقول کے لیے مندرجہ ذیل، سے رابطہ کریں:


میری لینڈ ریاستی محکمہ تعلیم
شعبۂ خصوصی تعلیم / ابتدائی مداخلتی خدمات
**Maryland Infants and Toddlers Program**
200 West Baltimore Street; Baltimore, MD 21201
وائس 0261 -767 (410) • مفت ٹیلی فون 535-0182 (800)
فیکس 333-8165 (410) • TDD 333-0731 (410)



Robert L. Ehrlich, Jr.
گورنر

Edward L. Root
صدر، میری لینڈ ریاستی مجلس تعلیم

Nancy S. Grasmick
اسٹیٹ سپرٹینڈنٹ آف اسکولز

Carol Ann Baglin
اسسٹنٹ اسٹیٹ سپرٹینڈنٹ
شعبۂ خصوصی تعلیم/ابتدائی مداخلتی خدمات



میری لینڈ ریاستی محکمہ تعلیم روزگار یا پروگرام تک رسائی کی فراہمی پر اثر انداز ہونے والے معاملات میں نسل، رنگ، جنس، عمر، قومی اصل، مذہب یا معذوری کی بنیاد پر تفریق نہیں برتتا۔ محکمہ جاتی پالیسی سے متعلق معلومات کے لیے براہ کرم 410-767-0246 پر دفتر برائے ضمانت مساوات وتعمیل (اکویٹی انشورنس اینڈ کمپلائنس برانچ) سے رابطہ کریں۔ وائس 410-333-2226 فیکس، یا 410-333-6442 TDD۔ ✦ یہ دستاویز شعبۂ خصوصی تعلیم، فوری مداخلتی خدمات کی طرف سے امریکی محکمہ تعلیم، دفتر خصوصی تعلیم و خدمات نوآبادکاری، IDEA، حصہ ج، امداد #H18A020124 کی مالی مدد سے وضع اور تیار کیا گیا۔ ✦ اس میں جن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے وہ لازماً امریکی محکمہ تعلیمی یا کسی دیگر وفاقی ایجنسی کی نمائندگی نہیں کرتے اور نہ ہی ایسا سمجھا جانا چاہئے۔ ✦ ان معلومات کی اشاعت پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ اسے نقل کرنے اور اُس میں شریک ہونے کے لیے قارئین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، لیکن براہ کرم شعبۂ خصوصی تعلیم/فوری مداخلتی خدمات، میری لینڈ ریاستی محکمہ تعلیم کا اعتراف ضرور کریں۔ ✦ معذوریوں سے متاثر امریکیوں سے متعلق قانون (ADA) کے مطابق یہ دستاویز درخواست کر کے متبادل شکلوں میں بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ شعبۂ خصوصی تعلیم/فوری مداخلتی خدمات، میری لینڈ ریاستی محکمہ تعلیم سے 410-767-0261 پر رابطہ کریں، وائس 410-333-2661 فیکس TDD 410-333-0731۔

3/04


# شکایات کے حل کی غیر جانب دارانہ کارروائی سے متعلق

والدین سے کوئی معاوضہ طلب کیے بغیر سماعت انجام دی جاتی ہے، سوا اس کے کہ والدین اپنی نمائندگی کے لیے کسی کی خدمات اُجرت پر حاصل کریں۔

❧

ہر ممکن حد تک سماعت ایسے وقت اور مقام پر انجام دی جاتی ہے، جس میں والدین کے لیے معقول طور پر آسانی ہو۔

❧

سماعت کوئی ایسا انتظامی قانون کا جج انجام دیتا ہے جسے میری لینڈ دفتر برائے انتظامی سماعت کی طرف سے مقرر کیا گیا ہو۔

❧

اگر انگریزی ان کی مادری زبان نہ ہو، تو والدین اپنے ساتھ کسی ترجمان کو موجود رکھ سکتے ہیں، یا ضرورت پڑنے پر انہیں تبادلہ خیال کے لیے مخصوص وسائل فراہم کیئے جائیں گے۔

❧

بعض اوقات، خدمت کے فراہم کاران اور والدین فوری مداخلتی نظام میں کسی خاندان کی شرکت سے متعلق اختلافات کا اظہار کرتے ہیں، جس میں شامل ہیں:

- اہلیت کا تعین
- کسی بچے کی قدر پیمائی یا تشخیص
- کسی اہل بچے کو ابتدائی مداخلتی خدمات کی فراہمی
- ابتدائی مداخلتی خدمات کے لیے والدین کی مالی ذمہ داریاں

جب ایسی صورت حال درپیش ہو، تو تبادلہ خیال مشکل ہو سکتا ہے اور دونوں فریق خود کو باہمی طور پر قابل اتفاق فیصلے پر پہنچنے سے قاصر محسوس کرتے ہیں۔

شکایات کے جن میں والدین کی مدد کرنے کے لیے ایک دستیاب انتخاب مصالحت کاری کا ہے۔ یہ شکایات کے حل کی ایک رضا کارانہ شکل ہے جس میں کوئی مصالحت کار باہمی طور پر قابل قبول کسی فیصلے تک پہنچنے میں فریقین کی مدد کرتا ہے۔ اس انتخاب سے متعلق، مزید معلومات کے لیے *فوری مداخلتی نظام میں مصالحت کاری کے عنوان سے کتابچہ* دیکھیں، جو میری لینڈ پروگرام برائے اطفال و شیر خواران سے دستیاب ہے۔

**شکایات کے حل کی غیر جانب دارانہ کارروائی ایک رسمی عمل** ہے جو والدین کی طرف سے کی گئی شکایات کے حل کے لیے دستیاب ہے۔ اس ضابطے کے لیے انتظامی قانون کے ججوں کی طرف سے فیصلہ سازی کی ضرورت ہوتی ہے جو کسی سماعت میں دونوں فریقوں اور ان کے گواہوں کی طرف پیش کردہ شہادتوں پر مبنی ہوتی ہے۔

اس دوران کہ جب کسی شکایت پر جانب دارانہ کارروائی ابھی باقی ہو فوری مداخلتی خدمات میں کوئی رخنہ نہیں ڈالی جائے گی سوا اس کے کہ مقامی پروگرام اور والدین کے درمیان کوئی اور معاہدہ ہوا ہو۔ اگر شکایت میں ابتدائی خدمات کے کسی درخواست بھی شامل ہے، تو بچے کو وہ خدمات دی جائیں گی جن پر کوئی تنازعہ نہ ہو۔

سماعت کے دوران، والدین کو یہ حق حاصل ہوگا کہ:

- ان کے ساتھ کوئی صلاح کار یا ایک فرد ہو جس نے ابتدائی مداخلتی خدمات کی واقفیت اور تربیت حاصل کی ہو
- شہادت پیش کرنا اور گواہ کے ساتھ جرح کرنا اور گواہ کو حاضری پر مجبور کرنا
- سماعتوں سے کم از کم پانچ دن پہلے ایسی کوئی شہادت داخل کرنے پر پابندی لگانا جس کا انکشاف ان پر نہیں کیا گیا ہے۔

سماعت کے بعد والدین کو حق حاصل ہوگا کہ:

- میری لینڈ پروگرام برائے اطفال و نونہالان کو درخواست سماعت کی وصولیابی کے 30 دن کے اندر کوئی تحریری فیصلہ حاصل کریں
- سماعت کی کارروائی کی لفظ بہ لفظ برقی نقل بلا معاوضہ حاصل کریں
- فیصلے سے غیر مطمئن ہونے کی صورت میں ریاستی یا وفاقی عدالت میں دیوانی مقدمہ دائر کریں۔

سماعت کہ درخواست کے لیے والدین کو لازم ہے کہ:

*شکایات کے حل کی غیر جانب دارانہ کارروائی کی درخواست مکمل* کریں جو میری لینڈ ریاستی محکمہ تعلیم میں شعبۂ خصوصی تعلیم/فوری مداخلتی خدمات کے میری لینڈ پروگرام برائے اطفال و شیر خواران سے دستیاب ہے۔

فارم پر، والدین کو اس کا اختیار دیا گیا ہے کہ وہ سماعت سے پہلے گفت و شنید میں شرکت کا انتخاب کریں۔ اگر والدین گفت و شنید میں شرکت کا انتخاب کرتے ہیں۔ لیکن فریقین گفت و شنید نشست میں باہمی طور پر قابل اتفاق فیصلے پر پہنچنے سے قاصر رہتے ہیں تو تو بھی والدین اس کا استحقاق رکھتے ہیں کہ شکایت کے حل *کی غیر جانب دارانہ کارروائی* انجام دی جائے۔